# 01-07-2024 MONDAY URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔ مرکزی وزیر داخلہ امیت شاہ نے کہا ہے کہ تینوں فوجداری قوانین سے ملک میں انتہائی عصری عدالتی نظام کو ایک نئی جہت ملے گی۔

۲۔ وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی نے آج ریاستی گورنر رادھا کرشنن سے راج بھون میں ملاقات کی۔

۳۔ تلنگانہ ہائی کورٹ نے برقی کے شعبہ میں بے قاعدگیوں سے متعلق تحقیقات کے لئے ریاستی حکومت کی جانب سے تشکیل دئے گئے نرسمہا ریڈی کمیشن کی اہلیت سے متعلق ایک درخواست کو خارج کردیا ہے۔

۴۔ سپریم کورٹ کے احکام کے مطابق ضلع ناندیڑ میں واقع بابلی پراجکٹ کے تمام 14 دروازے کھول دئے گئے ہیں۔

☆☆☆

بھارت راشٹر سمیتی کے صدر و سابق وزیر اعلیٰ چندر شیکھر راؤ کو آج اس وقت دھکہ لگا جب تلنگانہ ہائی کورٹ نے برقی شعبہ میں مبینہ بے قاعدگیوں سے متعلق تشکیل دئے گئے عدالتی کمیشن کے خلاف ان کی درخواست مسترد کردی۔ عدالت نے کے سی آر کی جانب سے داخل کردہ درخواست کو مسترد کرتے ہوئے کہا کہ پچھلی حکومت کے دوران کئے گئے فیصلوں کی تحقیقات کے لئے موجودہ حکومت کے اقدامات صحیح ہیں۔ ریاستی حکومت نے رواں برس 14 مارچ کو جسٹس نرسمہا ریڈی کی زیر صدارت ایک کمیشن مقرر کیا تھا، تاکہ یدادری اور بھدرادری تھرمل پاور اسٹیشنوں کی تعمیر میں مبینہ بے قاعدگیوں کے علاوہ چھتیس گڑھ سے برقی خریدی کے معاملہ میں کئے گئے معاہدوں کی تحقیقات کرائی جاسکے۔

☆☆☆

سپریم کورٹ کے احکام کے مطابق مہاراشٹر کے ضلع ناندیڑ کے تعلقہ دھرم آباد میں واقع بابلی پراجکٹ کے تمام 14 دروازوں کو آج کھول دیا گیا۔ یہ پراجکٹ گوداوری ندی پر تعمیر کیا گیا ہے، جس کے پانی کو دونوں ریاستوں مہاراشٹرا اور تلنگانہ کے آبپاشی عہدیداروں کی موجودگی میں جاری کیا گیا۔ بابلی پراجکٹ کے دروازوں کو ہر سال یکم جولائی کو کھولا جاتا ہے اور 28 اکتوبر تک دروازے کھلے رہتے ہیں، تاکہ مانسون میں ہوئی بارش کا پانی سری رام ساگر پراجکٹ میں آسکے، جو 80 کلومیٹر نیچے ایک بڑا اریگیشن پراجکٹ ہے۔ کل ہوئی کالیشورم لفٹ اریگیشن اسکیم کے میدی گدہ بیریج میں پانی کے بہاؤ کے سبب آبی سطح میں تقریباً 12 ہزار کیوزکس پانی جمع ہوگیا ہے۔ عہدیداروں نے کہا ہے کہ میدی گدہ بیریج پر ابتدائی نوعیت کے کام شروع کردئے گئے ہیں۔

☆☆☆

تلنگانہ بوگو گھنی کارمیکا سنگھم (ٹی بی جی کے ایس) کے ارکان نے مرکزی حکومت کی جانب سے کوئلہ کے یونٹس کو خانگیانے کے خلاف آج ضلع منچریال میں احتجاج کیا۔ ٹی بی جی کے ایس کے نائب صدر لکشمن نے کہا کہ یونین نے کوئلہ کے بلاکس کے ہراج اور کوئلہ کی کانوں کو خانگیانے کے خلاف مرحلہ واری اساس پر احتجاج شروع کیا ہے۔ انہوں نے کوئلہ کے بلاکس کو ہراج کرنے کا فیصلہ منسوخ کردینے کا مطالبہ کیا۔ احتجاجی، سیاہ پٹیاں لگائے ہوئے تھے اور سری رام پور، مندامری اور بیلم پلی کے علاقوں میں احتجاج کیا۔ اس کے علاوہ انہوں نے ایس سی سی ایل کے عہدیداروں کو ایک یادداشت بھی پیش کیا۔

☆☆☆

حیدرآباد سائیکلنگ ریولیوشن کی جانب سے موسی ریور فرنٹ ڈیولپمنٹ کارپوریشن اور حکومت تلنگانہ کے اشتراک سے ایک منفرد نوعیت کی ''موسی ریور ہیریٹیج رائیڈ'' منعقد کی جائے گی۔ اِس کے ذریعہ شہر حیدرآباد میں موسیٰ ندی کی ثقافت اور دیگر باتوں کو اجاگر کیا جائے گا۔ یہ پروگرام اتوار کو منعقد ہوگا۔ اِس پرائیڈ کی قیادت شہر سے تعلق رکھنے والے مورخ حسیب احمد کریں گے۔ اِس سلسلہ میں مزید تفصیلات کے لئے روی یا انجنی سے موبائل نمبر 9701744814 یا 7981323170 پر ربط قائم کیا جاسکتا ہے۔

☆☆☆

گاندھی ہاسپٹل میں آج اس وقت کشیدگی پھیل گئی، جب مختلف گروپوں کے لئے امتحان لکھنے والے اور ڈی ایس سی امیدوار مشیرآباد میں واقع اس دواخانہ میں پہنچ گئی اور گزشتہ 8 دن سے بھوک ہڑتال کررہے، موتی لال نائک نامی طالب علم سے ملاقات کی کوشش کی جو زیرعلاج ہے۔ یہ طالب علم حکومت سے اپنے وعدوں کو پورا کرنے کے علاوہ گروپ 2 اور 3 کی جائیدادوں کو پرکرنے اور گروپ 1 مین میں ایک نسبت 100 کے ساتھ سلیکشن کرنے کے مطالبہ پر بھوک ہڑتال پر ہے۔ بے روزگار نوجوانوں کی بڑی تعداد گاندھی ہاسپٹل پہنچ گئی۔ تاہم پولیس نے انہیں دواخانہ میں داخل ہونے سے روک دیا۔ اس موقع پر احتجاجیوں نے ریاستی حکومت سے اپنے انتخابی وعدوں کو فوری پورا کرنے کا مطالبہ کیا۔ انہوں نے الزام عائد کیا کہ ریاستی حکومت نے اسمبلی انتخابات کے دوران گروپ 2 اور 3 جائیدادوں میں اضافہ کے علاوہ مختلف وعدے کرتے ہوئے دھوکہ دیا ہے۔ اسی دوران حیدرآباد سٹی پولیس نے آج بی آر ایس کے ایم ایل اے راجیشور ریڈی اور دیگر لیڈرس کو اس وقت گرفتار کرلیا جب وہ موتی لال نائک سے ملاقات کے لئے گاندھی ہاسپٹل پہنچے تھے۔ گرفتار شدہ افراد کو مختلف پولیس اسٹیشنوں میں لے جایا گیا ہے۔

☆☆☆

بھدرادری تھرمل پاور اسٹیشن میں بجلی گرنے کے باعث شٹ ڈاون ہوگیا ہے، جبکہ ضلع کوتہ گوڑم کے پالونچہ منڈل میں واقع کوتہ گوڑم تھرمل پاور اسٹیشن کے ایک بائیلر ٹیوب میں بیساؤ کے نتیجہ میں ریاست بھر میں برقی سربراہی میں خلل پڑنے کا امکان ہے۔ اِن دونوں پلانٹس کو جزوقتی طور پر بند کردینے سے تقریباً 1320 میگاواٹ برقی کی تیاری کا کام رک گیا ہے۔ محکمہ برقی کے عہدیداروں کے مطابق مذکورہ دونوں پلانٹس میں برقی تیاری میں رکاوٹ کے سبب ریاست بھر میں برقی سربراہی میں بڑے پیمانے پر خلل پیدا ہوا ہے۔ کوتہ گوڑم پاور اسٹیشن میں 800 میگاواٹ یونٹ غیرکارکرد ہے، جبکہ مزید 250 میگاواٹ یونٹ سالانہ دیکھ بھال کے مرحلہ میں ہے۔ اسی طرح بھدرادری پاور اسٹیشن میں بجلی گرنے کے سبب 270 میگاواٹ یونٹ کو نقصان پہنچا ہے۔

☆☆☆

بی آر ایس نے کانگریس حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ گانجہ اور منشیات کی فروخت کو بند کرنے کے لئے ایک خصوصی ٹاسک فورس بنائی جائے اور اس طرح کی سرگرمیوں کو ختم کیا جائے۔ قطب اللہ پور کے بی آر ایس ایم ایل اے وویکانند نے آج وزیراعلیٰ ریونت ریڈی کو لکھے گئے ایک خط میں یہ بات یاد دلائی کہ بی آر ایس حکومت نے ریاست بھر میں منشیات کی لعنت کو ختم کرنے کے لئے خصوصی ادارہ قائم کئے تھے۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ چند ماہ کے دوران کئی نوجوان گانجہ اور منشیات کے عادی ہوگئے ہیں۔ جیسا کہ یہ اشیاء پانچ شاپ اور دیگر دوکانات پر فروخت ہورہی ہیں۔

☆☆☆

مرکزی وزیر داخلہ امیت شاہ نے کہا ہے کہ نئے فوجداری قوانین سے جن پر آج سے عمل درآمد شروع ہوچکا ہے، ملک بھر میں انتہائی عصری فوجداری عدالتی نظام کی قیادت کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ کریمنل جسٹس سسٹم اب مکمل طور پر سودیشی ہوگیا ہے۔ نئی دہلی میں آج مذکورہ تینوں قوانین کے تعلق سے میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے شاہ نے کہا کہ اِن نئے قوانین سے تیزی سے انصاف اور متاثرہ افراد کے حقوق یقینی ہوں گے۔ انہوں نے مزید کہا کہ پہلے پولیس کے حقوق کا تحفظ ہوتا تھا، تاہم اب متاثرین اور درخواست گزاروں کے حقوق کا بھی تحفظ ہوگا۔ وزیر داخلہ نے مزید کہا کہ نئے قوانین میں خواتین اور بچوں کے خلاف جرائم کو ترجیح دی گئی ہے۔ انہوں نے یہ بھی بتایا کہ اجتماعی آبروریزی جیسے جرائم پر اب 20 سال کی سزائے قید یا عمر قید ہوسکتی ہے، جبکہ کم عمر بچیوں کی آبروریزی پر سزائے موت دی جاسکتی ہے۔

☆☆☆

سائبرآباد پولیس کمشنریٹ کے تحت راجندر نگر پولیس اسٹیشن میں آج نئے بھارتیہ Nyaya Sanhita پہلا فوجداری مقدمہ درج کیا گیا ہے۔گنیش نامی ایک ڈرائیور کی موت پر اس سلسلہ میں کیس درج کیا گیا ہے۔اس ڈرائیور نے پی وی این آر ایکسپریس وے پر اپنی کار ڈیوائیڈر سے ٹکرادی تھی،جس کے نتیجہ میں کار الٹ گئی تھی۔

☆☆☆

وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے آج راج بھون میں ریاستی گورنر رادھا کرشنن سے ملاقات کی۔کابینہ میں توسیع کے سلسلہ میں اس ملاقات کو کافی اہمیت دی جارہی ہے۔ نئی دہلی کے حالیہ دورہ کے دوران ریونت نے کانگریس کی سابق صدر سونیا گاندھی،ایم پی راہول گاندھی اور دیگر سینئر لیڈرس سے ملاقات کی تھی۔

☆☆☆

نیشنل ٹیسٹنگ ایجنسی (این ٹی اے) نے نیٹ یو جی کے دوبارہ امتحان کے بعد ایک ہزار 563 امیدواروں کے نظر ثانی شدہ نتائج جاری کئے۔این ٹی اے نے اس کے علاوہ امیدواروں کے رینک پر بھی نظر ثانی کی ہے۔